# شرائط برائے ٹھیکہ میلہ مال مویشاں تورڈھیر TMA لاہور

# برائے ایک سال (2026-27)

1۔ ٹھیکہ میلہ مال مویشاں تورڈھیر کی نیلامی بذریعہ کھلی بولی E-Auction برائے میعاد (ایک سال) ازیکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

2۔ بولی میں صرف لوکل کونسل بورڈ پشاور صوبہ خیبر پختونخوا کے منظور شدہ ٹھکیداران برائے سال 2026-27 حصہ لے سکتے ہیں. جبکہ TMA لاہور یا محکمہ لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ پشاور کا بقایادار یا اسکا نمائندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا. جسمانی یا ذہنی طور پر معذور افراد بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

3۔ بولی میں حصہ لینے سے قبل زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ مبلغ -/2,66,500 روپیہ بمعہ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور تصدیق شدہ رجسٹریشن کاپی بنام تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے لاہور جمع کرانا ہوگا۔ صوبہ خیبر پختونخواہ کی کسی بھی کونسل کا نادہندہ ٹھیکیدار / فرم بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

4۔ حتمی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ TMA لاہور کے ساتھ مروجہ اسٹامپ پیپر پر معاہدہ تحریر کرے گا جسکی اخراجات وہ خود برداشت کریگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ ____ دن کے اندر اندر 5% زرضمانت اور 15% زربیعانہ TMA ہذا کے فنڈ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ کل زربولی کی رقم ٹھیکیدار کل برابر (گیارہ) ماہوار اقساط میں ماہ بہ ماہ ہر ماہ کی آخری تاریخ تک TMA لاہور کے پاس جمع کریگا یعنی پہلی قسط 31 جولائی 2026 کو جبکہ آخری قسط 31 مئی 2027 کو جمع کرنی ہوگی۔ اگر مقررہ تاریخ کو دفتر ہذا کی تعطیل ہو تو جس دن بھی دفتر کھلے ٹھیکیدار قسط ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ پر قسط ادا کرنے سے قاصر رہا تو وہ اگلے ماہ کی 10 تاریخ تک ہر حالت میں قسط بمعہ 2 فیصد یومیہ جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ لیکن اگر وہ آخری مقررہ تاریخ پر بھی قسط ادا کرنے سے قاصر رہا تو TMA لاہور کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کی مدخلہ زرضمانت وزرپیشگی بحق TMA لاہور ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کردے اور اسکا انتظام خود سنبھال لے یا دوبارہ نیلام کر کے کسی دوسرے ٹھیکیدار کے حوالہ کردے دونوں صورتوں میں مالی خسارہ یا نقصان کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار نا کام شدہ پر ہوگی جو اسکی ذات و جائیداد اور ضامنان سے وصول کی جائیگا۔

6۔ ٹھیکیدار ٹی ایم اے لاہور کے منظور شدہ شرح / شیڈول کے عین مطابق تحصیل لاہور کے حدود میں ٹیکس وصول کرنے کا پابند ہوگا اور شیڈول میں کسی قسم کے ردوبدل کا حقدار نہیں ہوگا اگر ٹھیکیدار نے مقررہ شیڈول ریٹ سے زیادہ ٹیکس وصول کی تو اسکے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائیگی جسمیں ٹھیکہ کی منسوخی بھی شامل ہے۔ اگر دوران ٹھیکہ حکومت کی طرف سے شیڈول میں کمی کی گئی تو اسی مناسبت سے ٹھیکہ کی رقم میں کمی کی جائیگی لیکن اگر شیڈول میں اضافہ کیا گیا تو اس اضافے سے حاصل ہونے والی اضافی رقم کی حقدار TMA لاہور ہوگی یا بعد منظوری مجاز اتھارٹی ٹھیکہ کی رقم میں اسی مناسبت سے اضافہ کیا جائے گا۔ شیڈول میلہ مویشاں تورڈھیر درجہ ذیل ہے۔

| | شیڈول داخلہ فیس | |
|---|---|---|
| نمبر شمار | نام جنس | |
| 01 | گائے، بھینس، بیل، سانڈ، گھوڑا، گھوڑی، گدھا، گدھی وغیرہ (ہر قسم بڑا جانور) | -/30 روپیہ فی راس |
| 02 | بھیڑ، بکری وغیرہ (ہر قسم چھوٹا جانور) | -/20 روپیہ فی راس |
| | فیس فروختگی | |
| 01 | گائے، بھینس، بیل، سانڈ، گھوڑا، گھوڑی، گدھا، گدھی وغیرہ (ہر قسم بڑا جانور) | 10% |
| 02 | بھیڑ، بکری وغیرہ (ہر قسم چھوٹا جانور) | 07% |
| | عارضی دوکانات وغیرہ / نام کاروبار | |
| 01 | عارضی دوکانات وغیرہ | -/10 روپیہ فی مربع فٹ |
| 02 | چابڑی فروش | -/200 روپیہ فی دن / میلہ |
| 03 | گڑ (دوکان) | -/200 روپیہ فی بوری |
| 04 | آلو، کچالو، پیاز، ٹماٹر ہر قسم سبزی وغیرہ | -/100 روپیہ فی بوری |
| 05 | فروٹ وغیرہ | -/50 روپیہ فی کریٹ |
| | داخلہ فیس | |
| 01 | ڈاٹسن اور سوزوکی وغیرہ | /40 روپیہ فی دن |
| 02 | موٹر سائیکل، رکشہ وغیرہ | /30 روپیہ فی دن |

Nawyn

-8 بغیر معاہدہ کے ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کا چارج نہیں دیا جائیگا نیز 02 صاحب حیثیت ضامنان کی طرف سے اسٹامپ پیپر پر ضمانت نامہ بدیں امر پیش کریگا کہ وہ ضامنان اس بات کے ذمہ دار ہونگے کہ ٹھیکیدار TMA لاہور کے جملہ واجبات بروقت ادا کریگا بصورت دیگر وہ ضامنان ادائیگی کے ذمہ دار ہونگے۔ 15% زرپیشگی معیاد ٹھیکہ کے آخری ماہانہ قسط میں مجرا کیا جائیگا اور بقایا 5% رقم زرضمانت ٹھیکہ کے اختتام کے بعد اس شرط پر واپس کیا جائیگا کہ ٹھیکیدار کے ذمہ TMA لاہور کا کوئی بقایا نہ ہو۔

-9 ٹھیکیدار ٹھیکہ خود چلائیگا اور کسی دوسرے کو شکمی ٹھیکہ پر نہیں دیگا۔

-10 میلہ مویشیاں کے اندر امن و آمان برقرار رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ اگر وہ امن و آمان برقرار رکھنے میں ناکام رہا تو TMA لاہور کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کے جملہ ایڈوانس اور زربیعانہ بحق TMA لاہور ضبط کر کے میلہ مویشیاں کا انتظام خود سنبھال لے جس پر ٹھیکیدار کو اعتراض کرنے کا حق نہ ہوگا۔

-11 اگر کوئی شخص فیس کی ادائیگی سے انکار کرے تو ٹھیکیدار اس شخص کے جملہ کوائف کیساتھ TMA لاہور کو تحریری رپورٹ پیش کریگا اور TMA لاہور ایسے شخص کیخلاف بمطابق قانون کاروائی عمل میں لائیگی لیکن ایسے کسی بھی صورت میں ٹھیکیدار مجاز نہیں ہوگا کہ وہ TMA لاہور کے واجب الادا اقساط روک لے۔

-12 میلہ مویشیاں تورڈ هیر کی انعقاد کیلئے ٹی ایم اے لاہور نے زمین اجارہ پر حاصل کی ہے۔ اس لئے ٹھیکیدار اس ضمن میں ٹی ایم اے لاہور سے کسی قسم کا مطالبہ یا مجرائی کا حقدار نہیں ہوگا۔

-13 اگر دوران ٹھیکہ ٹھیکیدار کی ذاتی رنجش یا کسی اور وجہ سے میلہ مویشیاں کے اندر فساد برپا ہوجائے یا برپا ہونے کا اندیشہ ہو جسکی وجہ سے میلہ کی آمدن اور ساکھ متاثر ہوتی ہو تو اسکی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور وہ TMA لاہور سے کسی قسم کی رعایت لینے کا حقدار نہیں ہوگا۔

-14 میلہ مویشیاں ہفتہ میں ایک بار بروز منگل منعقد ہوگا اور منگل کے علاوہ ٹھیکیدار کسی اور دن میلہ منعقد کرنے کا حقدار نہ ہوگا۔ تاہم عیدالاضحیٰ کیلئے اضافی میلہ لگانے کی منظوری کا اختیار TMA لاہور کے پاس ہوگا۔

-15 اگر فریقین کے درمیان کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوجائے تو فیصلہ تحصیل کونسل لاہور کریگا ناکامی کی صورت میں معاملہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پشاور کو ارسال کیا جائیگا جسکا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جو دونوں فریقین کیلئے قابل قبول ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

-16 ٹھیکیدار حکومتی احکامات کیمطابق کل زربولی پر حکومتی قوانین کیمطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا اگر دوران ٹھیکہ وفاقی یا صوبائی حکومت کیطرف سے کسی قسم کا نیا ٹیکس عائد کیا گیا تو اسکی ادائیگی کا بھی ٹھیکیدار پابند و ذمہ دار ہوگا۔

-17 تحصیل میونسپل آفیسر لاہور، تحصیل آفیسر ریگولیشن یا انکے مجاز نمائندے کسی بھی وقت میلہ مال مویشیاں تورڈ هیر کا معائنہ کرسکتے ہیں جس پر ٹھیکیدار معترض نہ ہوگا اگر دوران چیکنگ کوئی بے قاعدگی نوٹ کی گئی تو ٹھیکیدار کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائیگی اور اگر وہ بار بار قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو TMA لاہور کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کی مدخلہ زرضمانت و زرپیشگی بحق TMA لاہور ضبط کر کے ٹھیکہ اپنے تحویل میں لے یا دوبارہ نیلام کر کے کسی دوسرے ٹھیکیدار کے حوالہ کردے دونوں صورتوں میں جملہ خسارے کی ذمہ داری ٹھیکیدار اول الذکر پر ہوگی۔ جو کہ اسکے ذات و جائیداد اور ضامنان سے وصول کی جائیگی۔

-18 درجہ بالا معاہدہ کی کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں کاروائی خلاف روزی کرنیوالے کے خلاف عمل میں لائی جائیگی۔ ٹھیکیدار حکومت کی طرف سے جاری شدہ مراسلہ بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 کا مکمل طور پر پابند رہیگا۔

تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور

CamScanner